15 جنوری 2018ء

اسٹیٹ بینک اور سینٹرل بینک آف رشین فیڈریشن میں مرکزی بینکاری کے شعبے میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسٹیٹ بینک کے گورنر نے 15 جنوری 2018ء کو ماسکو، روس میں سینٹرل بینک آف رشین فیڈریشن (CBRF) کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ یہ اسٹیٹ بینک کے کسی بھی گورنر کی جانب سے سی بی آر ایف کا پہلا دورہ ہے۔ اسٹیٹ بینک نے سی بی آر ایف کے ساتھ مرکزی بینکاری میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کے حوالے سے مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ یہ اقدام ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس دستاویز پر سی بی آر ایف ہیڈ کوارٹرز میں منعقد ہونے والی ایک تقریب میں گورنر اسٹیٹ بینک جناب طارق باجوہ اور گورنر سی بی آر ایف مس ایلویرا نبیبیولینا (Ms. Elvira Nabiullina) نے دستخط کیے۔ اس موقع پر روس میں پاکستان کے سفیر عزت مآب جناب قاضی محمد خلیل اللہ نے بھی شرکت کی۔ اسٹیٹ بینک کے وفد میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر بینکاری پالیسی وضوابط گروپ جناب سید عرفان علی اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر مالی منڈیاں اور انتظامِ ذخائر جناب محمد علی ملک بھی شامل تھے۔ اس مفاہمتی یادداشت کا مقصد مالی نظاموں کی ترقی، نظام ادائیگی، مالی انفراسٹرکچر اور مالی اداروں کی نگرانی کے شعبوں میں دونوں مرکزی بینکوں کے حکام کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ہے۔

اسٹیٹ بینک بین الاقوامی تعاون کے محاذ پر کافی سرگرم کردار ادا کرتا رہا ہے، خاص طور پر گذشتہ دو برسوں سے۔ یہ اب تک اسٹیٹ بینک کی جانب سے 20 واں ایم او یو ہے، جس پر دستخط کیے گئے ہیں۔

****